# عمومی ہدایات برائے اساتذۂ کرام

- تدریسِ قرآنِ مجید کا مقصد طلبہ کی کردار سازی ہونا چاہیے۔
- طلبہ کو قرآنِ مجید عام فہم انداز میں پڑھایا جائے۔
- تَرْجَمَۃُ الْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ کی تدریس کے دوران عربی متن کی درست ادائی کا خیال رکھا جائے۔
- باوضو ہو کر تدریس کا اہتمام کیا جائے۔
- طلبہ کو قرآنِ مجید کے آداب سے آگاہ کیا جائے۔
- تَرْجَمَۃُ الْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ کے نصاب میں شامل سورتوں کے تعارف اور بنیادی مضامین پر خصوصی توجہ دی جائے۔
- نصاب میں شامل سورتوں میں موجود قرآنی دُعاؤں کی ترجمہ کے ساتھ تدریس کا خصوصی اہتمام کیا جائے اور جائزے کے لیے مختص آیات پر خصوصی توجہ دی جائے۔
- کوئز پروگرام، آن لائن ایپ اور سمعی و بصری معاونات سے استفادہ کرتے ہوئے تدریس کا اہتمام کیا جائے۔
- نصاب میں موجود سورتوں میں بنیادی عقائد، اوامر و نواہی اور معاشرتی احکام کو آسان طریقہ سے طلبہ کو سمجھایا جائے۔
- جماعت دہم کے لیے مقرّرہ حصّۂ قرآنِ مجید کی تمام سورتوں کا تعارف اور مرکزی مضامین پر مشتمل تفصیلی، مختصر اور کثیر الانتخابی سوالات کے ذریعے سے امتحان لیجیے۔
- جماعت دہم کے لیے مختص ذخیرۂ قرآنی الفاظ میں سے ہی ماڈل پیپرز کی طرز پر امتحان لیا جائے۔


NOT FOR SALE - PESRP

- نمبروں کی تقسیم سے متعلّق ہدایات کے لیے ماڈل پیپر سے استفادہ کریں۔
- درج ذیل آیاتِ مبارکہ کے بامحاورہ ترجمے کا امتحان لیا جائے:

| | |
|---|---|
| سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ | 151 تا 153 |
| سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ | 157 تا 158 |
| سُوْرَةُ النَّحْلِ | 89 تا 90 |
| سُوْرَةُ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ | 23 تا 40 |
| سُوْرَةُ الْكَهْفِ | 01 تا 12 |
| سُوْرَةُ الْكَهْفِ | 110 |
| سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ | 1 تا 11 |
| سُوْرَةُ الزُّمَرِ | 7 تا 14 |
| سُوْرَةُ الزُّمَرِ | 53 |
| سُوْرَةُ الشُّوْرٰی | 23 |
| سُوْرَةُ الشُّوْرٰی | 37 تا 38 |


NOT FOR SALE - PESRP